سرحد میں وغیرہ شامل ہیں، بعض مضامین کے ایک سے زائد مصنف ہیں۔ مجلّہ اہم علمی مضامین پر مشتمل ہے، اہل علم اور طلباء کے لئے بہت مفید مضامین شامل کئے گئے ہیں۔ مجلّہ سالانہ کے بجائے ششماہی ہونا چاہئے، امید ہے اس پر توجہ دی جائے گی۔

مجلّہ کا نام : ماہنامہ رحیمیہ لاہور

مدیر : مفتی عبدالخالق آزاد سرپرست مولانا شاہ سعید احمد صاحب

ناشر : ادارہ رحیمیہ علوم قرآنیہ لاہور، اے/۳۲ کوئینز روڈ شارع فاطمہ جناح

قیمت وصفحات : ۱۰ روپے ۸/ص

مفتی عبدالخالق صاحب صاحب علم شخصیت ہیں، میرے ہم درس رہے ہیں، متنوع صلاحیتوں کے مالک ہیں، ادارہ رحیمیہ شاہ عبدالرحیم خانوادہ ولی اللہ کی جانب منسوب ہے اور فلسفہ ولی اللہ کی نشرواشاعت کے لئے قائم کیا گیا ہے، مفتی صاحب نے ادارہ کی خدمت کے لئے اپنے کو وقف کیا ہوا ہے، مریدین ومعتقدین سے رابطہ اور ادارہ کی خدمات سے آگاہ کرنے کے لئے رحیمیہ کے نام سے مختصر ماہنامہ خبرنامہ بعنوان ''رحیمیہ'' جاری کیا ہے، اس کے سات شمارے شائع ہو چکے ہیں۔ ان شماروں میں درس قرآن مولانا عبیداللہ سندھی درس حدیث خواجہ عبدالحی مدیر اعلی اوران کے شیخ وپیرومرشد مولانا شاہ سعید احمد کی سفری مصروفیات، عہد حاضر کے حوالہ سے بعض اہم مسائل پر مختصر تبصرہ اور دینی مسائل شامل ہیں۔ یہ ایک اچھی کوشش ہے جسے یقیناً جاری رکھا جائے گا۔

کتاب کا نام: مشائخ رائے پور

مؤلف : مفتی عبدالخالق آزاد

ناشر : دارالتحقیق والاشاعت لاہور، اپریل ۲۰۰۶ء

قیمت وصفحات: ۱۴۰ روپے، ص ۲۸۸

مفتی عبدالخالق آزاد صاحب صاحب علم وصاحب مطالعہ عالم دین ہیں، یہ کتاب